بسم اللہ الرحمن الرحیم

# حرمِ امام رضا علیہ السلام کے خادم

مجموعۂ گلستانِ رضوی

تالیف: علیرضا خان‌زادہ
مترجم: سید مجاہدحسین عالی تقوی
نظر ثانی: ڈاکٹر حیدررضا ضابط
نقاش: سمیرا سادات شفیعی



## خدام حرم امام رضا علیه السلام

حرم امام رضا علیہ السلام کے خادم ، مہربانی اور خندہ پیشانی سے ، شبانہ و روز زائرین کرام کی خدمت کرنے اور راھنمائی کی خاطر مستعد رہتے ہیں. وہ معاشرہ کے مختلف افراد ہیں مثلاً: علماء، ملازم، ڈاکٹر، تجار، یونیورسٹی کے اساتذہ اور...حرم امام رضا علیہ السلام کے مختلف حصوں میں یہ خادم بطور رضا کار، صادقانہ انداز سے زائرین کی خدمت میں مشغول رہتے ہیں .





زائرین کرام سے التماس ہے کہ ہمیشہ امام رضا علیہ السلام کے خادموں کی راہنمائی اور مشوروں پر عمل کریں.
بعض اُمور میں زائرینِ کرام پر لازم ہے کہ اُن سے پرہیز کریں جو عبارت ہیں: حرم مقدس کے ہر مکان میں نیند کے لئے لیٹنا، فوٹوگرافی، فلم برداری.... خواتین پردے کا خاص لحاظ رکھیں، صفائی کا خیال رکھنا، زائرین کے آمد ورفت کے راستے پر نہ ٹھہریں .






## راهنما اور صفائی دار عملہ

بعض خادموں کا نام، راہنما اور صفائی دار، کے نام سے موسوم ہے. یہ زائرین کرام کی راہنمائی کرتے ہیں، اور نظم ونسق اور آرام میں مدد دیتے ہیں. بعض جو صفائی دار ہیں. حرم مطہر کے صحنوں سے گرد وغبار دُور کرتے رہتے ہیں اور حرم مطہر کی صفائی اور زیبائی کی حفاظت میں مصروف رہتے ہیں .



گم شدہ افراد سے متعلق دفتر





عزیز بچو! بہتر یہ ہے کہ اُڈریس اور ماں باپ کا
ٹیلی فون نمبر، اور اپنا محل سکونت ہمراہ رکھیں. اگر
زیارت کرتے وقت اپنے ہمرایوں کو گم کردیا ہو ،
تو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے. فوراً حرم کے
خادموں یا اِس دفتر سے رجوع کریں تا کہ اچھے انداز
اور جلدی سے آپ کو اپنے خاندان والوں تک پہنچا
دیں.


جوتے رکھنے کی جگہ




تمام آئمہ معصومین علیہم السلام کی زیارت کے وقت ضروری ہے. ادب و احترام کا خاص خیال رکھیں. اِسی بنا پر حرم مطہر امام رضا علیہ السلام میں داخل ہونے سے پہلے جوتے خانے موجود ہیں. جو زائرین سے جوتے دریافت کر کے، اُن کو مخصوص خانوں میں رکھتے ہیں .

## ویل چیئرز سے خدمات




زائرین کرام میں سے بعض عمر رسیدہ، بیمار اور ضعیف افراد ہوتے ہیں۔ اِن زائرین کے لئے زیارت کرنا دُشوار ہوتا ہے۔ ضعیف زائرین حرم مقدس میں داخل ہونے سے پہلے ویل چیئرز دفاتر سے جو شبانہ روز خدمت کے لئے آمادہ رہتے ہیں ویل چیئر بطور امانت لے سکتے ہیں یا عمر رسیدہ اور ضعیف زائرین کے لئے آٹو گاڑیاں موجود ہیں اور اُن سے استفادہ کر سکتے ہیں۔